میوزک — ہیمنت کمار ۱؍

فلمستان کا پیش کردہ

197

V. Good

سلور جوبلی

ستارے
ویجنتی مالا ـ پردیپ کمار
وغیرہ وغیرہ

قیمت ۱؍

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)

جاگرتی کے گانے

نمبر ۱

چلو چلیں ماں سپنوں کے گاؤں میں
کانٹوں سے دور کہیں پھولوں کی چھاؤں میں
ہو رہے اشارے ریشمی گھٹاؤں میں
چلو چلیں ...... کانٹوں سے دور ......
آؤ چلیں ہم ایک ساتھ وہاں
دکھ نہ جہاں کوئی غم نہ جہاں
آج ہے نمنترن سن سن ہواؤں میں
رہنا میرے سنگ ماں ہر دم
ایسا نہ ہو کہ بچھڑ جائیں ہم
گھومنا ہے ہم کو دور کی دشاؤں میں

گانا نمبر ۲

دے دی ہمیں آزادی بنا کھڑگ بنا ڈھال
سابرمتی کے سنت تو نے کر دیا کمال
آندھی میں بھی جلتی رہی گاندھی تیری مشعل
سابرمتی کے .....
دھرتی پہ لڑی تو نے عجب ڈھب کی لڑائی
داغی نہ کہیں توپ نہ بندوق چلائی
دشمن کے قلعے پر بھی نہ کی تو نے چڑھائی
واہ رے فقیر خوب کرامات دکھائی
چٹکی میں دشمنوں کو دیا دیش سے نکال

سابرمتی کے ....

شطرنج بچھا کر یہاں بیٹھا تھا زمانہ
لگتا تھا کہ مشکل ہے فرنگی کو ہرانا
ٹکر تھی بڑے زوروں کی دشمن بھی تھا دانا
پر تو بھی تھا باپو بڑا اُستاد پرانا
مارا وہ کس کے داؤ کہ الٹی سبھی کی چال
سابرمتی کے ....

جب جب ترا بگل بجا جوان چل پڑے
مزدور چل پڑے تھے اور کسان چل پڑے
ہندو و مسلمان سکھ پٹھان چل پڑے
قدموں پہ تیرے کوٹی کوٹی پران چل پڑے
پھولوں کی سیج چھوڑ کے دوڑے جواہرلال
سابرمتی کے ....

من میں تھی اہنسا کی لگن تن پہ لنگوٹی
لاکھوں میں گھومتا تھا لئے ستیہ کی سوٹی
ویسے تو دیکھنے میں تھی ہستی تری چھوٹی
لیکن تجھ سے جھکتی تھی ہمالیہ کی بھی چوٹی
دُنیا میں تُو بے جوڑ تھا انسان بے مثال
سابرمتی کے ....

جگ میں کوئی جیا ہے تو باپو تُو ہی جیا
تُو نے وطن کی راہ میں سب کچھ لٹا دیا
مانگا نہ کوئی تخت نہ تو تاج ہی لیا

امرت دیا سبھی کو مگر خود زہر پیا
جس دن تیری چتا جلی رو رہا تھا مہاکال
سابرمتی کے.....

گانا نمبر ۳

آؤ بچو تمہیں دکھائیں جھانکی ہندوستان کی — گیت — دیس پردیپ
اس مٹی سے تلک کرو یہ دھرتی ہے بلیدان کی
اُتر میں رکھوالی کرتا پربت راج وراٹ ہے
دکھشن میں چرنوں کو دھوتا ساگر کا سمراٹ ہے
جمنا جی کے تٹ کو دیکھو گنگا کا یہ گھاٹ ہے
باٹ باٹ پہ ہاٹ ہاٹ میں یہاں نرالا ٹھاٹ ہے
دیکھو یہ تصویریں اپنے گورو کی ابھیمان کی
اس مٹی سے . . .

یہ ہے اپنا راجپوتانہ ناز اسے تلواروں پے
اس نے سارا جیون کاٹا برچھی تیر کٹاروں پے
یہ پرتاپ کا وطن پلا ہے آزادی کے نعروں پے
کودِ پڑی تھیں یہاں ہزاروں پدمنیاں انگاروں پے
بول رہی ہے کن کن سے قربانی راجستھان کی
اس مٹی سے . . .

دیکھو مُلک مراٹھوں کا یہ یہاں سیواجی ڈولا تھا
مُغلوں کی طاقت کو جس نے تلواروں پہ تولا تھا
ہر پربت پہ آگ جلی تھی ہر پتھر اِک شعلہ تھا
بولی 'ہر ہر مہادیو' کی بچہ بچہ بولا تھا

یہاں سیوا جی نے رکھی تھی لاج ہماری شان کی
اس مٹی سے......

جلیانوالہ باغ یہ دیکھو یہاں چلی تھیں گولیاں
یہ مت پوچھو کس نے کھیلی یہاں خون کی ہولیاں
ایک طرف بندوقیں دن دن ایک طرف تھیں ٹولیاں
مرنے والے بول رہے تھے انقلاب کی بولیاں
یہاں لگا دی بہنوں نے بھی بازی اپنی جان کی
اس مٹی سے.....

یہ دیکھو بنگال یہاں کا ہر چپہ ہریالا ہے
یہاں کا بچہ بچہ اپنے دیش پہ مرنے والا ہے
ڈھالا ہے اس کو بجلی نے بھوچالوں نے پالا ہے
مٹی میں طوفان بندھا ہے اندر پران میں جوالا ہے
جنم بھومی ہے یہی ہمارے ویر سبھاش مہان کی
اس مٹی سے....

گانا نمبر ۳

محمد رفیع

پانسے سبھی الٹ گئے دشمن کی چال کے
اکشر سبھی پلٹ گئے بھارت کے بھال کے
منزل پہ آیا ملک ہر بلا کو ٹال کے
صدیوں کے بعد پھر اڑے بادل گلال کے
ہم لائے ہیں طوفان سے کشتی نکال کے
اس دیش کو رکھنا میرے بچوں سنبھال کے
تم ہی بھوشیہ ہو میرے بھارت وشال کے

اس دیش کو.....

دیکھو کہیں برباد نہ ہووے یہ باغیچہ
اس کو ہردیہ کے خون سے باپو نے ہے سینچا
رکھا ہے یہ چراغ شہیدوں نے بال کے
اس دیش کو.....

دنیا کے داؤ پیچ سے رکھنا نہ واسطہ
منزل تمہاری دور ہے لمبا ہے راستہ
بھٹکا نہ دے کوئی تمہیں دھوکے میں ڈال کے
اس دیش کو....

ایٹم بموں کے زور پہ اینٹھی ہے یہ دنیا
بارود کے ایک ڈھیر پہ بیٹھی ہے یہ دنیا
تم ہر قدم اٹھانا ذرا دیکھ بھال کے
اس دیش کو....

آرام کی تم بھول بھلیاں میں نہ بھولو
سپنوں کے ہنڈولوں پہ مگن ہو کے نہ جھولو
اب وقت آگیا میرے ہنستے ہوئے پھولو
اٹھو چھلانگ مار کے آکاش کو چھو لو
تم گاڑ دو گگن میں ترنگا اچھال کے
اس دیش کو....

(ختم شد)

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سینما سنگیت عرف گویوں کا گورو

یہ ۵۰۰ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے۔ جسے ملک نے بیحد پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں کے چیدہ چیدہ گانے چھاپے گئے ہیں جنہیں زمانہ حال کے مشہور ستاروں مثلاً کانن بالا۔ نرگس۔ ثریا۔ خورشید بانو۔ منیا۔ نمی۔ ریحانہ۔ وجینتی مالا۔ شکیلہ۔ بشیرا۔ ام درشنا کرن۔ شمشاد بیگم۔ اور اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیوانند۔ موتی لال۔ کرن دیوان کشور کمار۔ پردیپ کمار۔ راج کپور۔ شمی کپور۔ بھارت بھوشن۔ ادوم وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے جنکہ ایک بار پڑھنے یا سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے۔

قیمت صرف ۔/۱۰ آنہ محصولڈاک معاف

بغیر اُستاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سکھانیوالی کتاب

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف ۔/۱۲/۱ محصولڈاک معاف

جواہرات کا مجموعہ جسمیں اچار۔ چٹنی۔ مربے۔ شربت۔ عرق۔ کشتہ۔ چورن۔ معجون۔ خمیرہ۔ جمینت ادویہ کے نسخے اور مشہور نایاب نسخے گنجینہ ہائے ہزاروں روپئے کے قیمتی دام بوٹے کے نسخوں سے خزانہ بھرا ہوا ہے لہٰذا ہر گھر کیلئے مفید ہیں۔ قیمت صرف ۔/۱۲/۱ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ ارجن بک ڈپو۔ بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی